ایمر جنسی علاج و مجربات

پرلیکچر

استاد محترم حکیم محمد فیاض صاحب چوہان

تحریر و ترتیب: حکیم سمیع اللہ ہزاروی

پی ڈی ایف: محمد فاروق حاذق حسن

درد کی تین اقسام ھیں

اعصابی درد: جو آرام کی حالت میں ہو وہ اعصابی ہے۔

غدی درد: جو درد حرکت کرنے سے زیادہ ہو وہ غدی ہے۔

عضلاتی درد: جو درد دباؤ ڈالنے سے ہو وہ عضلاتی ہے۔

سر میں درد: سر کے دائیں طرف لمبائی میں درد ہو تو یہ اعصابی غدی درد ہے۔ شدید تڑپ والا درد ہے یہ اپھارہ ہو گا، ہوا گیس ہو گی ناف کے نیچے اور بوجھل ہو گی نمی ہو گی ہوا میں، لیس دار پاخانہ ہو گا، اگر ہوا گیس نہ ہو تو دوا ایک نمبر دیں شدید ایک + ملین ایک ایک نمبر قہوہ دیں، بڑی الائچی گل سرخ کا۔ اگر ہوا گیس ہو تو اس قہوہ میں عناب کے دو دانے کا اضافہ کریں۔ جب کسی مریض کو دوا سے یہ درد شروع ہو جائے تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ علاج بالکل درست ہے، دوا اور قہوہ سے مریض کو فوراً فائدہ ہو گا۔

آنکھ میں درد: دائیں طرف ڈھیلے کے اندر آنکھ کی گہرائی میں درد ہو تو ایک نمبر اعصابی عضلاتی ہو گا۔ علاج عضلاتی سوزش تھوڑی تھوڑی دیر بعد دیں، قہوہ کالی پتی اور بڑی الائچی کا قہوہ دیں۔ آنکھ میں بیرونی طور پر درد: باہر والے حصے میں آنکھ پر ہاتھ رکھا ہو گا، دیکھنے میں مشکل ہو گی، **علاج:** شدید تین دیں فوراً افاقہ ہو گا۔

درد عصابہ: سر کی گولائی میں پورے سر میں درد ہو گا۔ **علاج:** اسطخدوس، پودینہ ترپھلا سفوف، کیپسول یا گولی، اسطخدوس کا قہوہ، پودینہ کا قہوہ دیں، ترپھلا کا کیپسول دیں۔ دودھ پتی میں دیسی گھی ڈال کر دیں فوری آرام ہو گا۔ اگر بی پی ہائے ہو تو قہوہ میں اسطخدوس کے ساتھ دار چینی یا تیزپات ڈالیں۔ اطریفل کو ہر گز نہ بھولیں۔

دانت درد: دائیں طرف دانت میں درد، دانت میں سوراخ کھوڑ ہو، مسوڑھے سوجھے ہوئے ہوں۔ **علاج:** تریاق تبخیر شنگرف والا صابر ملتانی رحمہ اللہ کا کھلائیں اور دانت لگائیں بھی، پانچ منٹ میں آرام آئے گا، ان شاءاللہ بشرطیکہ پیپ نہ پڑ گئی ہو۔

کان درد: دائیں طرف کان درد کے لئے تریاق تبخیر دیں۔

دائیں طرف اچانک لقوہ: مرض نیا ہو اور کوئی ایلوپیتھک دوا استعمال نہ کی ہو تو تحریک ایک نمبر اعصابی عضلاتی ہو گی

علاج: شدید تین کی نوخوراک سے لقوہ درست ہو جائے گا ان شاءاللہ سب سے کامیاب دوا ہے۔ **غذا:** لطیف دیں اور دیسی گھی مقدار میں زیادہ ڈال کر دیں۔ صابر ملتانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ کثافت زیادہ ہو تو غذاء لطیف دیں، صرف قہوہ دیں صرف شوربہ دیں۔

گردن میں درد: گردن میں دائیں طرف اچانک بل پڑ جائے تو تریاق کزاز تشنج کی دو گولیاں دیں، دائیں بازو میں اچانک درد کے لئے بھی مفید ہے، فوراً افاقہ ہو گا۔

دائیں طرف اچانک نکسیر: دو اشدید چار کی پوڑی دیں فوراً نکسیر بند ہو گی، اگر پھر بھی آئے تو لہسن کا پانی دو قطرے ناک کے دائیں نتھنے میں ڈالیں، نکسیر بند ہو جائے گی۔

دائیں طرف سینے میں درد: یہ اچانک خون کی الٹی عضلاتی اعصابی تحریک میں۔ **علاج:** تریاق معدہ+لاثانی دیں، تین خوراک کے بعد خون نہیں آئے گا ان شاءاللہ، میں نے 570 مریضوں پر تجربہ کیا ہے۔

پتہ کا درد: دائیں طرف پتہ کا درد شدید ہو گا اور متلی بھی آئے گی۔ **علاج:** ایک تولہ اجوائن، پانچ تولہ میٹھا سوڈا جس کو نانخواہی کہتے ہیں، ایک چمچ بھر کر دوا دینی ہے، تھوڑی دیر میں قے آئے گی فوراً درست ہو گا، جگر کے اچانک درد کے لئے بھی مفید ہے۔

گردہ کی پتھری دائیں طرف: شدت کا درد ہو گا اس میں دو باتیں یاد رکھیں، اگر مریض کو قے شروع نہیں ہوئی تو دو اشدید چار دیں ایک گھنٹہ میں چار پانچ خوراک دیں، درد ختم ہو جائے گا۔ اگر الٹی شروع ہو جائے تو تیز پات اور پودینہ کا قہوہ دیں، اس کے ساتھ یہ نسخہ استعمال کریں ۔

نسخہ: سنگ دانہ مرغ، لونگ، مرچ سیاہ ہم وزن لیکر سفوف بنالیں۔ **مقدار خوراک:** ڈبل زیرو کیپسول دو دیں، ہفتہ بعد پتھری نکل جائے گی۔ دائیں طرف گردہ سے پتھری نکل کر نالی میں آجائے تو شدید درد ہوتا ہے، اس کے لئے تازہ پکے ہوئے ٹماٹر ایک پاؤ کھلائیں، اور اس کے ساتھ شکنجبی نمکین بنا کر پیٹ بھر پلائیں، مریض کو کہیں شدید چار ٹماٹر میں لگا کر کھائیں یا نمک لگا کر کھائیں، ٹماٹر کھانے کے بعد ایک قے اور بڑا موشن لگے گا، پتھری نکل آئے گی۔ اس نسخہ میں جدت بھی دے سکتے ہیں

مقوی قلب چٹنی صابر ملتانی رحمہ اللہ کا نسخہ ہے۔ **مقدار خوراک:** پانچ چمچ صبح و شام

مثانے کی پتھری: شدت کے ساتھ درد ہو، پیشاب کی نالی کی جڑ میں درد ہو، خصیوں میں اور مثانہ میں۔ ہم پیشاب والی نالی کو تین حصوں میں تقسیم کریں گے۔ اگلا سرا میں درد اعصابی، درمیانی حصہ میں درد غدی، جڑ میں درد عضلاتی ہو گا۔ جڑ میں درد ہو تو شدید چار اور اکسیر چار گرم پانی سے دیں، قہوہ تیز پات کا دیں، ساتھ بکرے کا شوربہ پلائیں، پانچ دن میں پتھری ٹوٹنا شروع ہو جائے گی۔

اپنڈکس: ورم زائدہ اعور دائیں طرف ناف سے تین انگل کے فاصلے پر درد ہوتا ہے، درد انتڑیوں کے گرد گھومتا ہے۔
علاج: صابر ملتانی رحمہ اللہ نے تین چیزوں کا نسخہ بتایا ہے وہ **مسھل چار** ہے جس کے اجزاء یہ ہے، رائی، گندھک آملہ سار، بارہ بارہ حصے اور ایک حصہ جمال گوٹہ تمام ادویہ کا سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک چاول سے شروع کرنا ہے اور اس کو دس چاول تک لے جانا ہے، ایک چاول دوا کھلانے کے دس منٹ بعد دو چاول اسی طرح ہر دس منٹ کے ایک چاول دوائی کا اضافہ کرتے جائیں، جب دوا کی مقدار دس چاول ہو جائے گی تو مریض کو قے یا موشن آئے گا اور آنت کا سدہ ختم ہو جائے گا دوا سادہ پانی سے یا قہوہ پودینہ سے دیں، پندرہ سے بیس منٹ درد ختم ہو جائے گا۔ اس کے ساتھ کریر کی جڑ کا چھلکا تارامیرا کے تیل میں جلائیں اور چھان کر اس کا لیپ بھی مفید ہے چھلکے کا سفوف کر کے ملائیں

بائیں طرف پورے سر میں درد (درد شقیقہ): سورج نکلنے کے بعد سورج ڈھلنے تک درد رہتا ہے، بارہ بجے تک شدت اختیار کر جاتا ہے، یہ مرض پرانا ہوتا ہے، جب اچانک درد شروع ہو جائے تو اس کے لئے شدید چھ جدید دیں کبھی ناکامی نہیں ہو گی، درد نیا ہو یا پرانا انتہائی کامیاب دوا ہے۔ **نکتہ:** مریض سے کہیں کہ چھ دن بعد آپ کے ناک سے پیلی بلغم نکلنا شروع ہو جائے گی بشرطیکہ تجویز کردہ دوا استعمال کی ہو۔ **غذا:** ناشتہ صبح مربہ ادرک، گائے کا دودھ، دوپہر اور شام کو سبزی پانچ چھ نمبر شوربہ والی۔ **قھوہ:** ادرک زیرہ سفید کا

شدید چھ جدید کا نسخہ: سنڈھ، سرنجان شیریں، زیرہ سفید تمام ہم وزن لے کر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: رتی دو رتی

بائیں طرف آنکھ میں درد: آنکھ کے ڈھیلے میں گہرائی کے اندر درد ہو تو یہ بھی ایک نمبر اعصابی عضلاتی تحریک ہے ،ایک نمبر دوا دیں، پھر آہستہ آہستہ اعصابی سوزش دیں، کھانے کے لئے مربہ آملہ دیں۔

بائیں طرف آنکھ کے باہر والے حصے میں درد: آنکھ سرخ ہو جائے اور ایسے محسوس ہو جیسے کسی نے ریت ڈال دی ہو ایسا اچانک ہوتا ہے، آنکھ روشنی کو برداشت نہ کر سکے، مریض مصنوعی آنسوں ڈالنے پر مجبور ہو میں اس کے لئے صابر ملتانی رحمہ اللہ کا قطور چھ نمبر والا نسخہ آنکھ میں ڈالتا ہوں، میں نے اس کا نام مصنوعی آنسوں رکھا ہوا ہے۔الحمدللہ میں نے سفید موتیے تک کا علاج کیا ہے ان قطور سے۔

نسخہ قطور چھ: عرق سونف، کافور، اور ست پودینہ تفصیل کتاب سے تلاش کر لیں۔

بائیں طرف کان اور دانت میں درد: اس کے لئے کھانے اور لگانے کے لئے بھی ایک نسخہ بناتا ہوں۔

نسخہ: میٹھا سوڈا پانچ تولہ، ست پودینہ ایک تولہ، ست اجوائن ایک تولہ، سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک:

بائیں طرف نکسیر: اس کے لئے لاثانی غذا پانچ نمبر۔

بائیں طرف سینے میں درد: جو درد آگے اور پیچھے دو جانب ہو چاہے وہ سینے میں ہو، معدہ میں ہو، یا مثانہ میں ہو یہ عضلاتی اعصابی ہوتا ہے۔ **علاج:** مقوی معدہ کی دو خوراک سے درد ختم ہو جائے گا، اگر اس کے ساتھ قبض ہو تو ملین تین یا مسہل تین دیں۔

دل کا دورہ: اچانک بے ہوشی اس کی علامت یہ ہے کہ بی پی ہائے ہوتا ہے، پورا جسم پسینے سے شرابور ہوتا ہے، پسینہ ٹپک رہا ہوتا ہے، دل میں درد ہوتا ہے، اور دل ہلکا خراب ہوتا ہے، ایسا مریض غدی ہوتا ہے، دل کے والوں میں مسئلہ ہوتا ہے۔
علاج: سنڈھ پانچ تولہ اس میں آک کا دودھ ڈال کر تین مرتبہ تر و خشک کریں۔ **مقدار خوراک:** ایک چاول

نوٹ: دودھ اتنا ڈالیں جس سے وہ تر ہو جائے، انتہائی کامیاب دوا ہے۔

بائیں طرف گردہ میں درد: شدید درد کے لئے تریاق گردہ دیں شہد کے شربت کے ساتھ،اس سے درد بھی ختم ہو جائے گی اور پتھری بھی نکل جائے گی۔

پتھریوں کی اقسام

1 دائیں طرف گردہ میں پتھری یورک ایسڈ کی عضلاتی تحریک۔

2 بائیں طرف گردہ میں پتھری کیلشیم آگزالیٹ کی غدی تحریک۔

3 دونوں طرف گردوں میں پتھری فاسفیٹ کی اعصابی تحریک۔

بائیں طرف کی پتھری اگر مثانہ میں پھنس جائے تو اس کے لئے یہ نسخہ دیں۔

نسخہ: سنگ یہود، سنگ سرماہی، میٹھا سوڈا تینوں ہم وزن لیکر سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک کپ پانی اور ایک کپ سیون آپ آدھی چمچ دوا اچھی طرح مکس کر کے پلائیں، خالی پیٹ یا غدا کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد۔ پھنسی ہوئی پتھری باہر نکل آئے گی اور درد بھی ختم ہو جائے گا۔

حکیم فیاض احمد چوھان صاحب سمڑیال

05/04/2023

۱۳ رمضان المبارک ۱۴۴۴ بروز بدھ